قواعد و ھدایات

1- ترمیم ولدیت کی فیس اگر سیکنڈری سکول امتحان کا نتیجہ شائع ہونے کے بعد اور دو سال کے اندر درخواست دی جائے تو مبلغ -/5600 روپے ہوگی اور اگر دو سال کے بعد لیکن پانچ سال کے اندر درخواست دی جائے تو مبلغ -/6600 روپے ہوگی ۔ پانچ سال کے بعد اور دس سال کے اندر درخواست دی جائے تو مبلغ -/7600 روپے ہوگی اور دس سال کے بعد درخواست دی جائے تو مبلغ -/10,100 روپے ہوگی۔ جو حبیب بینک کی کسی بھی شاخ میں بذریعہ حبیب بینک چالان جمع کرائی جاسکتی ہے اور اصل رسید فارم ہذا کے ساتھ منسلک کی جائے۔ بورڈ قواعد کے مطابق ایسے امیدواران جو نام میں صرف "محمد" کا اضافہ کروانا چاہتے ہیں وہ صرف درستگی فیس سے مستثنیٰ ہوں گے۔ جمع کرائی گئی فیس کسی بھی صورت میں قابل واپسی نہیں ہوگی۔

2- درخواست فارم اور چسپاں شدہ تصویر اُس سکول کے ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس/پرنسپل سے تصدیق کروانا ضروری ہے۔ سکول/کالج کی مہر میں لفظ ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس/پرنسپل تحریر ہونا ضروری ہے۔ جس ادارہ سے طالب علم نے امتحان پاس کیا ہو۔ اگر امتحان بطور پرائیویٹ امیدوار پاس کیا ہو تو فارم بورڈ سے منظور شدہ کسی بھی ادارے کے ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس/پرنسپل سے تصدیق کروانے کے بعد ارسال کیا جائے۔

3- اشٹام پیپر پر ترمیم ولدیت کے بارے میں امیدوار کی طرف سے بیان حلفی درخواست فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ جو کہ کسی منظور شدہ سکول کے ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس/مجسٹریٹ درجہ اوّل/سول جج/اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ ہو۔

4- اشٹام پیپر پر اپنے علاقہ کے سیکرٹری یونین کونسل کی طرف سے ترمیم ولدیت کے بارے میں بیان حلفی بھی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔ جو کہ کسی منظور شدہ سکول کے ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس/پرنسپل/مجسٹریٹ درجہ اوّل/سول جج/اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ ہو۔

5- درخواست دہندہ اپنا شناختی کارڈ/پاسپورٹ اور اپنے والد کے شناختی کارڈ / پاسپورٹ کی مصدقہ فوٹو کاپیاں درخواست فارم کے ساتھ منسلک کریں۔

6- یونین کونسل/ٹاؤن کمیٹی/کارپوریشن سے جاری کردہ پیدائش سرٹیفیکیٹ جس میں درخواست گزار کا نام اور والد کا نام واضح طور پر درج ہو۔

7- والد کا نکاح نامہ/مکان کی رجسٹری/کرایہ نامہ یا یوٹیلٹی بل جس پر والد کا نام درست درج ہو مہیا کرنا ہوگا۔

8- انگریزی اور اُردو کے معروف قومی اخبار میں تبدیلی ولدیت کا اشتہار معہ درخواست گذار اور اسکے والد کی تصاویر ' میٹرک اور انٹر کے رولنمبر درج ہوں مکمل اخبار درخواست فارم کے ساتھ منسلک کریں۔

9- بورڈ سے پاس کردہ امتحانات کی اصل اسناد فارم کے ہمراہ ارسال کرنا ضروری ہیں۔ جو درخواست منظور ہو جانے کی صورت میں منسوخ کردی جائیں گی۔ بعد میں درخواست دہندہ کو نئے سرے سے مثنیٰ سند کی فیس ادا کر کے حاصل کرنا ہونگی۔

10- دوسرے بورڈ سے ولدیت درست ہونے کی صورت میں اُس بورڈ کا جاری کردہ مثنیٰ سرٹیفیکیٹ بھی درخواست فارم کے ساتھ منسلک کریں۔

11- بورڈ قواعد کے مطابق ایک سال کے اندر ریکارڈ پیش نہ کرنے کی صورت میں کیس داخل دفتر (EXPIRE) کر دیا جائے گا اور امیدوار کو دوبارہ فیس جمع کروا کر کیس ری اوپن (RE-OPEN) کروانا ہوگا۔

12- بورڈ کے قواعد کے مطابق والد کی وفات کی صورت میں پورا/ مکمل نام تبدیل نہیں ہوگا۔

13- امیدوار کو والد کے ہمراہ کمیٹی کے روبرو پیش ہونا ضروری ہے بیرون ملک ہونے کی صورت میں پاکستانی مشن کا تصدیق شدہ پاور آف اٹارنی پیش کرنا ہوگا۔

14- والد کی وفات کی صورت میں والد کا ڈیتھ سرٹیفیکیٹ اور والدہ کو امیدوار کے ساتھ پیش ہونا ہوگا۔

نوٹ:۔ درج بالا دستاویزات کے علاوہ دفتر ہذا دیگر کاغذات اور شہادت بابت ترمیم ولدیت بھی طلب کر سکتا ہے۔

تصویر درخواست گزار

SPECIMEN OF ADVERTISEMENT

تصویر والد

I…….............. have Passed the Secondary School Annual/Supply. Examination ……......…. under Roll No……and Intermediate Annual/Supply. Examination…….. under Roll No…… from B.I.S.E. Lahore My Father's Name is …………………..………. wheras on certificate my Father's name has been mentioned as ………………….…………. Which is incorrect. I want to get changed my father's name from ………………..……………….. to………………………………. If any person / organization / agency has any objection, then the same may be intimated in writing to the Secretary, Board of Intermediate and Secondary Education, 86-Mozang Road, Lahore within 15 days.

تصویر درخواست گزار	نمونہ اخبار اشتہار	تصویر والد

منکہ مسمی/مسمات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے زیر رولنمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سال۔۔۔۔۔سال۔۔۔۔۔ سالانہ/ضمنی کے تحت سیکنڈری سکول اور زیر رولنمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سال۔۔۔۔۔۔ سالانہ/ضمنی کے تحت انٹرمیڈیٹ کا امتحان بی۔آئی۔ایس۔ای لاہور سے پاس کر چکا/چکی ہوں میری درست ولدیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔جبکہ میری سند/اسناد پر ولدیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ درج ہے۔جو کہ درست نہ ہے۔ چنانچہ میں اپنی سند/اسناد پر ولدیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ترمیم کروانا چاہتا/چاہتی ہوں۔اگر کسی شخص /ادارے/ایجنسی کو کوئی اعتراض ہو تو پندرہ یوم کے اندر اندر سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن،86۔مزنگ روڈ، لاہور کو تحریری طور پر مطلع کرے۔

نمونہ بیان حلفی سیکرٹری یونین کونسل

میں مسمّی/مسمّات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سیکرٹری یونین کونسل حلقہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تحصیل وضلع۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بقائمی ہوش وحواس خمسہ حلفاً بیان کرتا ہوں/ کرتی ہوں۔

1۔ یہ کہ امیدوار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے زیر رولنمبر۔۔۔۔۔۔۔ کے تحت سیکنڈری سکول (سالانہ/ضمنی)۔۔۔۔ اور زیر رولنمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے تحت انٹرمیڈیٹ (سالانہ/ضمنی)۔۔۔۔ امتحان لاہور بورڈ سے پاس کیا ہے۔

2۔ یہ کہ من محلف/محلفہ اُمیدوار کو جانتا/جانتی ہے۔

3۔ یہ کہ اُمیدوار کی سیکنڈری سکول اور انٹرمیڈیٹ سالانہ ضمنی امتحان۔۔۔۔۔۔۔۔ کی سند/اسناد پر ولدیت۔۔۔۔۔۔۔۔درج ہے جو کہ درست نہ ہے۔

4۔ یہ کہ اُمیدوار کی صحیح اور درست ولدیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

محلف/محلفہ

تصدیق

تصدیق بمقام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بتاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کی جاتی ہے کہ مندرجات درجہ بالا بیان حلفی میرے بہترین علم و یقین کے مطابق درست ہیں اور کوئی امر/بات مخفی نہ رکھی گئی ہے۔

محلف/محلفہ

نمونہ بیان حلفی درخواست گزار

میں مسمّی/مسمّات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ولد/دختر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سکنہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تحصیل وضلع۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حلفاً بیان کرتا ہوں/ کرتی ہوں۔

1۔ یہ کہ محلف/محلفہ نے زیر رولنمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے تحت سیکنڈری سکول (سالانہ/ضمنی)۔۔۔۔۔۔۔ اور زیر رولنمبر۔۔۔۔۔۔ کے تحت انٹرمیڈیٹ (سالانہ/ضمنی)۔۔۔۔۔۔ امتحان لاہور بورڈ سے پاس کر چکا/ کر چکی ہوں۔

2۔ یہ کہ من محلف/محلفہ کی درست ولدیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔جبکہ سند/ اسناد پر ولدیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔درج ہے۔جو کہ درست نہ ہے۔

3۔ یہ کہ من محلف/محلف اپنی ولدیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ترمیم کروانا چاہتا/چاہتی ہوں۔

محلف/محلفہ

تصدیق

تصدیق بمقام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بتاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کی جاتی ہے کہ مندرجات درجہ بالا بیان حلفی میرے بہترین علم و یقین کے مطابق درست ہیں اور کوئی امر/ بات مخفی نہ رکھی گئی ہے۔

محلف/محلفہ